انتظامیہ کی لاپرواہی کے سبب ممبرا بائی پاس 'خونی سڑک' میں تبدیل

سڑک کھسکنے اور مٹی کے تودے گرنے کے سبب اطراف کی رہائشی بستیوں میں سراسیمگی، پی ڈبلیو ڈی افسران سمیت، این سی پی کے لیڈران اور پولیس حکام نے سڑک کا جائزہ لیا، مدت ختم ہونے کے باوجود سڑک کی تعمیر کا آدھا کام باقی، تعمیر میں بدعنوانی کا الزام

انوار الحق خان

ممبرا (ایس این بی) ممبرا میں برق رفتار سے بڑھتی آبادی کے سبب ممبئی-پونے شاہراہ تنگ پڑنے لگا، آئے دن یہاں حادثے ہونے لگے، ٹریفک جام جیسے مسائل سے شہریوں اور یہاں سے گذرنے والی گاڑیوں کو بھی کافی دشواریوں کا سامنا ہونے لگا، ایسے میں ایک بائی پاس تعمیر کرنے کی منظوری ملی تھی جس کی تعمیر 2007 میں مکمل ہوئی۔ ساڑھے 5 کلومیٹر طویل یہ بائی اپنی تعمیر کے پہلے ہی دن سے حادثات کے پیش نظر سرخیوں میں رہا ہے، کبھی گاڑیوں کا پلٹنا، کبھی مٹی کا گرنا، کبھی گیس ٹینکر کا پلٹ جانا، اس کی وجہ سے تین تین دنوں تک گیس کا رساؤ ہونا وغیرہ جیسے کئی حادثات یہاں پیش آچکے ہیں۔ جس کو لیکر متعدد بار آندولن بھی کیا گیا اور تب جا کر پی ڈبلیو ڈی نے اس کی تعمیر کی اجازت دی جو کہ گذشتہ دو ماہ سے تعمیر کیا جا رہا ہے لیکن دوران تعمیر ہی یہاں سڑک میں خطرناک دراڑ پڑ گئی، جس کے باعث بائی پاس کے اطراف کی رہائشی بستیوں میں سراسیمگی پھیل گئی۔ اس حادثہ کے بعد ڈی سی پی سوامی، اے سی پی دھمال، پی ڈبلیو ڈی کے ایکزیکیٹیو انجینئر، ایم ایل اے اوہاڈ اور دیگر سماجی وسیاسی لیڈران اس کے معائنہ کو پہنچے جس پر ایم ایل اے جتیندر اوہاڈ نے کہا کہ اس سڑک کی تعمیر کے لئے کئی عرصہ سے ہم مطالبہ کر رہے ہیں لیکن پی ڈبلیو ڈی کے کانوں پر اور ریاست کی شیوسینا و بی جے پی اقتدار حکومت کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی وہ کسی بڑے حادثہ کے منتظر تھے۔ لیکن اسمبلی میں اس سڑک کے متعلق پوری شدت سے آواز اٹھائی گئی تب جا کر اسکی مرمت کو اجازت ملی، لیکن گذشتہ روز جو حادثہ پیش آیا ہے اگر یہاں سے گاڑیاں گذر رہی ہوتیں تو بہت بڑا نقصان ہوسکتا تھا۔ اوہاڈ نے مزید کہا کہ سڑک کی تعمیر کو دو ماہ ہو چکے ہیں مزید کچھ دنوں انتظار کرنا ہوگا۔

انہوں نے مزید کہا کہ ممبرا بائی پاس کی تعمیر سے لیکر مرمت تک صرف بدعنوانی ہوئی ہے ورنہ جتنا بجٹ اب تک استعمال ہوا ہے اس سے ایک نئی شاہراہ تعمیر ہوسکتی تھی۔ عیاں رہے کہ ممبرا بائی کے کھسکنے اور اسکی تعمیرات کا جائزہ لینے کے لئے پہنچنے والے این سی پی کے وفد میں ایم ایل اے جتیندر اوہاڈ، شمیم خان، رتا اوہاڈ، شانو پٹھان و دیگر افراد شامل تھے۔

این سی پی کے ممبرا کلوا صدر شمیم خان نے کہا کہ میں اس سڑک کو لیکر سماج وادی پارٹی میں رہتے ہوئے اور آج این سی پی میں آنے کے بعد بھی تقریباً 47 مرتبہ احتجاج کر چکا ہوں، یہ سڑک ملک کی ایک اہم شاہراہوں میں سے ایک ہے، یہاں جے این پی ٹی، پنویل، ارن جیسی جگہوں پر جانے کے لئے گجرات، راجستھان و ملک کی کئی ریاستوں سے گاڑیاں گذرتی ہیں لیکن انتظامیہ کی لاپرواہی کے سبب یہ شاہراہ خونی سڑک بن چکی ہے۔ شمیم خان نے کہا کہ اس سڑک پر مختلف حادثات کے چلتے 110 اموات ہو چکی ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ اب بھی جو کام چل رہا ہے وہ غیر اطمینان بخش ہے۔ جب کہ این سی پی کارپوریٹر و یوتھ کے صدر اشرف پٹھان شانو نے کہا کہ دو سال قبل کروڑوں روپے خرچ کر کے اس سڑک کی تعمیر کی گئی لیکن صرف دو سال گزرنے کے بعد رسڑک کھسکنے لگی ہے اور اس بار پھر سے اسی کمپنی کو کام دیا گیا، انہوں نے مزید کہا کہ بار بار ایسے شخص کو کام دیا جاتا ہے جو نا اہل ہے، لہذا اس کمپنی کو بلیک لسٹ کر کے اس پر معاملہ درج کیا جائے اور سڑک تعمیر میں استعمال ہونے والے مٹریل کی جانچ کی جائے۔

اس طرح سماجی خدمتگار خاتون رتا اوہاڈ نے کہا کہ اوپر والے کا احسان ہے کہ ایک بڑا حادثہ ٹل گیا ہے کیوں کہ اگرچہ گاڑیوں کی آمد و رفت اس پر سے جاری رہتی تو یہ سڑک کھسکنے کے ساتھ ساتھ یہاں بڑی تباہی ہوسکتی تھی، سڑک و مٹی کھسک کر نیچے بستی پر جا گرتی اور بڑا جانی و مالی نقصان ہو جاتا۔ لیکن تعمیر کے چلتے یہ بند ہونے کے باعث شکر ہے کہ کوئی حادثہ نہیں ہوا۔

اس طرح یہاں ڈی سی پی ڈاکٹر سوامی، ٹریفک پولیس اور ممبرا پولیس کے اعلیٰ افسران و پی ڈبلیو ڈی افسران بھی پہنچے، واضح ہو کہ ریلوے برتیج کے پاس بائی پاس کا حصہ خراب ہونے کے باعث بائی پاس کو مکمل طور پر بند کر کے اس کی تعمیر ہو رہی ہے۔ نئے سرے سے اس پر کنکریٹ کی پرت بچھائی جا رہی ہے جس کے لئے پی ڈبلیو ڈی نے سڑک کو دو ماہ کے لئے بند کر دیا تھا لیکن اب جگہ جگہ سے سڑک کھسکنے کے سبب بائی پاس کو مزید کچھ مہینوں کے لئے بند کرنا پڑسکتا ہے، ساتھ ہی ساتھ پہاڑ سے متعدد مقامات پر پتھر و مٹی کے تودے گر رہے ہیں ایسے میں ممبرا بائی پاس کو گاڑیوں کی آمد و رفت کے لئے شروع ہونے کے لئے مزید کچھ مہینوں کا انتظار کرنا پڑسکتا ہے۔

خستہ حال ممبرا بائی پاس

سستے میں فلیٹ دلانے کا جھانسہ دیکر 65 لاکھ کی ٹھگی

ممبئی (ایجنسی) ڈی بی مارگ پولیس نے 44 سالہ ایک خاتون کو دھوکہ دینے اور اس سے 65 لاکھ روپے وصول کرنے کے الزام میں تین لوگوں کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔ اطلاع کے مطابق تینوں ملزمین نے خاتون کو ساؤتھ ممبئی میں سستے میں گھر دلانے کا جھانسہ دیکر ان سے یہ رقم حاصل کی تھی۔ ڈی بی مارگ پولیس نے بتایا کہ سواتی شاہ اور اس کے شوہر سے ملزمین نے رابطہ کیا تھا اور انہیں گرانٹ روڈ میں سستے میں ایک فلیٹ دلانا چاہتا تھا، اس کے عوض میں انہوں نے ملزمین کو 65 لاکھ کی ادائیگی کی تھی اور کچھ باقی رقم فلیٹ ملنے کے بعد دینے کی بات کہی تھی، شکایت کنندہ کے مطابق 2014 سے آج تک اسے ملزمین نے دھوکہ دیا اور آج تک فلیٹ نہیں دلایا، جب ان سے پیسے واپس مانگنے لگی تو وہ ان سے رابطہ منقطع کرلیا۔ اس کے بعد خاتون نے ڈی بی مارگ پولیس میں ان تینوں کے خلاف کیس درج کرایا، پولیس نے ان کے خلاف دھوکہ دہی کا معاملہ درج کرتے ہوئے ان کی تلاش شروع کردی ہے۔ ڈی بی مارگ پولیس کے مطابق ملزمین کے خلاف تفتیش جاری ہے اور یہ بھی معلوم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ کہیں ملزمین نے دیگر لوگوں کو بھی ٹھگنے کی کوشش تو نہیں کی ہے۔ پولیس کے مطابق اس معاملے میں آس پاس کے لوگوں سے بھی باز پرس کی جا رہی ہے۔

الہاس نگر کی مخدوش عمارتوں پر کارپوریشن کی کارروائی

لکشمی نارائن نامی 5 منزلہ مخدوش عمارت کے اطراف کے مکانوں کو بھی خالی کرالیا گیا

فائل فوٹو

عبدالمجید شیخ

الہاس نگر (ایس این بی) الہاس نگر اسٹیشن روڈ پر پانچ منزلہ مخدوش لکشمی نارائن عمارت کا پچھلے سال سلیب گر جانے سے عمارت کو سیل کردیا گیا تھا۔ چار دنوں سے ہو رہی موسلا دھار بارش سے دو دن قبل کیمپ نمبر دو کے کھیمانی میں ایک اور عمارت کے سلیب گرنے سے کارپوریشن حرکت میں آیا اور تمام مخدوش عمارتوں اور بے حد خطرناک عمارتوں کے مکینوں کو نوٹس جاری کر کے منتقل ہونے کی صلاح دی اور گذشتہ روز سے بے حد مخدوش عمارتوں کو منہدم کرنے کی کارروائی شروع کردی۔ اسٹیشن روڈ کی لکشمی نارائن عمارت کو منہدم کرنے کے لیے کارپوریشن کے تعمیراتی شعبے کے افسران نے پولیس کی کڑی نگرانی میں جے سی بی اور پوکلینڈ کی مدد سے پانچ منزلہ لکشمی نارائن عمارت کو منہدم کرنے کا کام شروع کیا۔ عمارت کے قریب سے بجلی کے تار اور پول کی وجہ سے ایم ایس ای بی محکمہ نے وہاں بجلی منقطع کردی، ساتھ میں عمارت کے دونوں جانب کی عمارتوں کے مکینوں کو خالی کروادیا گیا تاکہ کوئی حادثہ ہو تو کوئی جانی نقصان نہ ہوسکے۔ عیاں رہے کہ اس عمارت کے رہائش پذیر پچھلے ایک سال سے بھٹک رہے ہیں، ان کو کارپوریشن کی جانب سے کسی طرح کی کوئی سہولیت مہیا نہیں کرائی گئی ہے اور نہ ہی اس معاملے میں کسی سیاسی لیڈر نے آواز اٹھائی ہے۔



رام کمار ٹھاکر مارگ، کرشنا کالونی، دہیسر ایسٹ میں واقع آرچڈ پلازہ کے نزد گٹر کھلا ہوا ہونے کے ساتھ ساتھ یہ پلاسٹک کی تھیلیوں اور دیگر گندگی سے بھرا ہوا ہے۔ جب یہاں بارش ہوتی ہے، گٹر جام ہونے کی وجہ سے یہاں پانی کی نکاسی نہیں ہو پاتی ہے اور راستے میں پانی جمع ہو جاتا ہے جس سے مسافروں کے ساتھ ساتھ مقامی لوگوں کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ یہاں کوئی حادثہ بھی ہونے کا خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔.....(تصویر: ایجنسی)

چاندیولی حلقہ سے کانگریس کے ایم ایل اور سابق وزیر محمد عارف نسیم خان کی جانب سے آج ایک پروگرام منعقد کیا گیا جس میں 300 سے زائد ضرورتمندوں کو ڈومیسائل سرٹیفکیٹ دیئے گئے۔ اس دوران عارف نسیم خان کے ساتھ ساتھ تحصیلدار آفس کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ عیاں رہے کہ گزشتہ دنوں بھی 90 فٹ روڈ سا کی ناکہ میں منعقدہ کیمپ میں سات ہزار سے زائد لوگوں کو انکم، سینئر شہری اور رہائشی سرٹیفکیٹ دیئے گئے تھے۔

ہائی کورٹ کا تھرماکول کے استعمال پر چھوٹ دینے سے انکار

ممبئی (ایجنسی) ممبئی ہائی کورٹ نے گزشتہ روز ایک اہم فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ مہاراشٹر میں آئندہ گنپتی کے موقع پر سجاوٹ کے لئے تھرماکول سے بنے سامانوں کے استعمال اور فروخت پر پابندی میں نرمی دینے سے انکار کر دیا ہے۔ جسٹس اے ایس اوک اور جسٹس ریاض چھاگلا کی بینچ نے 'تھرماکول فیبریکیٹر اینڈ ڈیکوریشن ایسوسی ایشن' کی جانب سے دائر کردہ درخواست مسترد کر دی، جس میں اس سال ستمبر میں منائے جانے والے گنیش فیسٹیول کے لئے پابندی میں نرمی برتنے کی مانگ کی گئی تھی۔

عیاں رہے کہ مہاراشٹر بھر میں پلاسٹک اور تھرماکول سے بنے سامانوں کی فروخت اور استعمال پر پابندی عائد ہے۔ عرضی میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ اگر مارکیٹ میں تھرماکول سے بنے آرائشی سامانوں کو فروخت کی اجازت نہیں دی گئی تو ایسوسی ایشن کے ارکان کو بھاری نقصان ہوگا۔ ایسوسی ایشن نے ایک حلف نامہ دائر کر کے دعویٰ کیا کہ اس کے استعمال کے بعد وہ خود اس کو تباہ کردیں گے۔

ریاستی حکومت نے اس درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ پلاسٹک کے کچے مال کا نپٹارا کرنے کی آخری تاریخ 23 جون تھی۔ ریاستی حکومت نے دلیل دی کہ اس کے باوجود، درخواست گزار (ایسوسی ایشن) نے اپنے کچے مال کو نہیں ہٹایا اور اسے اپنے پاس رکھ کر ابھی پابندی میں نرمی کی درخواست کی جا رہی ہے۔

ہائی کورٹ نے کہا کہ ریاستی حکومت کی ان دلیلوں سے انکار نہیں کیا جاسکتا، حکومت نے سماعت کے دوران بتایا تھا کہ گنپتی کے دوران 1200 ٹن تھرماکول کا پلاسٹک کچرا نکلتا ہے اور اس کو ری سائیکل کرنے کا کوئی سائنسی طریقہ نہیں ہے۔ جج اوک نے کہا کہ اتنے بڑے کچرے کو دیکھتے ہوئے ہم اس کے منفی اثرات سے انکار نہیں کر سکتے ہیں۔ عدالت نے ایسوسی ایشن کی اس دلیل کو ماننے سے انکار کر دیا کہ وہ فروخت کئے گئے تھرماکول کو تہوار کے بعد واپس لے کر تباہ کر دیں گے۔ عیاں رہے کہ اس قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو جرمانہ دینا پڑسکتا ہے اور بار بار خلاف ورزی کرنے پر جیل بھی ہوسکتی ہے۔ 23 مارچ سے تھرکول پر بھی پابندی عائد ہے۔

Think GOLD!.... Think TAQWA!!™
916 BIS Hallmark
JEWELLERY AVAILABLE
100% BUY BACK
Cash ya badli par paise kate nahi jayenge.
WINNER OF THE ICONIC BRAND AWARD 2018 IN JEWELLERY at MSME Summit in Mumbai
TAQWA® Jewellers LLP
Khalis Zevarat, Hamari Pehchan!!™
BANDRA (W) S.V. Road 022 2655 9944
JOGESHWARI (W) Behram Baug 022 2678 9944
MALAD (W) Gate No. 7, Malvani 022 2888 9944
MIRA ROAD (E) Naya Nagar 022 2812 9944
MUMBRA (E) Next to Axis Bank, Kausa 022 2549 9944
PUNE Mominpura 81493 29944
ASRAR BHAI MUMBRA WALE
FRIDAY CLOSED

میرے 'کوہ نور' کی اچھی صحت اور خوش حالی کیلئے دعاء کریں

سائرہ بانو نے جذباتی طور پر ٹویٹ کیا اور مشہور اداکار دلیپ کمار کی صحت کیلئے دعاء کی اپیل کی

ممبئی (ایجنسی) اپنے زمانہ کے سب سے مشہور اداکار دلیپ کمار کی عمر 95 برس ہو چکی ہے۔ عمر کا تقاضا ہے کہ اکثر ان کی صحت ناساز رہتی ہے۔ گزشتہ کچھ برسوں میں وہ متعدد مرتبہ اسپتال جا چکے ہیں۔ تاہم ابھی ان کی حالت بہتر بتائی جا رہی ہے، لیکن وہ پھر ایک بار خبروں میں آگے ہیں۔

اس کی وجہ ہے کہ گزشتہ شب یعنی جمعرات کے روز دلیپ کمار کی بیوی سائرہ بانو نے 4 ٹویٹ کئے اور اس دوران وہ جذباتی کو گئیں۔ اپنے پہلے ٹویٹ میں سائرہ لکھتی ہیں۔ 'صاحب ٹھیک ہیں اور وہ گھر پر آرام کر رہے ہیں۔ وہ اپنے فینس سے مل رہے پیار کے لئے شکر گزار ہیں، شکریہ'۔ سائرہ نے دوسرے ٹویٹ میں لکھا 'جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں، میں اور صاحب گزشتہ 52 سال سے اپنے لاکھوں فینس (مداحوں) سے ملتے ہوئے آئے ہیں۔ سائرہ اپنے تیسرے ٹویٹ میں لکھتی ہیں' 28 جون ایک ایسا دن تھا جب میں کوہ نور کے بغیر ایک پروگرام میں شامل ہونے کے لئے پہنچی۔ میں آصف فاروقی کی بیٹی ندا کی شادی میں گئی تھی۔ وہاں صاحب کے بغیر میں اکیلا محسوس کر رہی تھی۔ لیکن دولہا اور دلہن اور آپ جیسے فینس سے مل کر بہت اچھا لگا'۔ چوتھا ٹویٹ انہوں نے کیا 'بھگوان آپ سب پر اپنی نعمت بنائے رکھے۔ آپ سب میرے کوہ نور کی اچھی صحت اور خوش حالی کے لئے دعا کیجئے گا۔ دعاوں میں یاد رکھیں'۔



قابل غور ہے کہ سائرہ بانو دلیپ کمار سے 22 سال چھوٹی ہیں اور سائے کی طرح ان کے ساتھ رہتی ہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ وہ بچپن سے ہی دلیپ کمار سے شادی کرنا چاہتی تھیں۔

نئی ممبئی ایئرپورٹ کی تعمیر، خرچ میں 50 فیصد کا اضافہ

ممبئی (ایجنسی) نئی ممبئی ایئرپورٹ کے پہلے مرحلے کی تعمیر کے خرچ میں 50 فیصد کے اضافہ ہونے کا اندیشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ کریسل نامی ایجنسی کی جانب سے جاری کردہ ایک رپورٹ کے شائع ہونے کے بعد اس طرح کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ اطلاع کے مطابق 2013 میں کانگریس کے وزیر اعلیٰ پرتھوی راج چوہان نے نئی ممبئی ایئرپورٹ کے پہلے مرحلے میں 9600 کروڑ روپے خرچ ہونے کا اندازہ لگایا تھا لیکن اب اس خرچ میں تقریباً 50 فیصد کا اضافہ ہو گیا ہے اور 13562 کروڑ رپے خرچ ہونے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

ANJUMAN-I-ISLAM'S
KALSEKAR TECHNICAL CAMPUS
SCHOOL OF ENGG & TECHNOLOGY, NEW PANVEL
Approved and Recognised by: All India Council for Technical Education (AICTE), Directorate of Technical Education (DTE), Government of Maharashtra & Affiliated to University of Mumbai.
Plot No-2 & 3, Sector-16, Near Thana Naka, Khandagaon, New Panvel, Navi Mumbai- 410 206.

FACULTY RECRUITMENT
APPLICATIONS ARE INVITED FROM ELIGIBLE CANDIDATES FOR THE FOLLOWING OPEN POSTS:

Sr. No.	Programme	Cadre	
		Professor	Associate Professor
1	CIVIL ENGINEERING	01	02
2	COMPUTER ENGINEERING	01	01
3	ELECTRICAL ENGINEERING	01	01
4	ELECTRONICS & TELE COMM. ENGG.	01	01
5	MECHANICAL ENGINEERING	01	01

Note: Only Ph.D. candidates with relevant experience should apply. Education, Qualification & Experience, Pay & Allowances etc. are as per AICTE and University of Mumbai norms.
1. Applicants who are already employed must send their application through proper channel. 2. Applicants are required to account for breaks, if any in their academic career. 3. The application forms of these posts can be downloaded from the college website. 4. Qualified and eligible candidates may apply / mail their resume along with attested photo copies of testimonials and a recent color photograph to the following address, within 7 days from the date of publication of this advertisement to:
The Director, Anjuman-I-Islam's Kalsekar Technical Campus, School of Engineering & Technology, Plot No-2&3, Sector-16, Near Thana Naka, Khandagaon, New Panvel, Navi Mumbai - 410 206.
Email: aiktc.newpanvel@gmail.com Website: www.aiktc.org
Dr. Zahir I. Kazi, Hon. President, Anjuman-I-Islam
Mr. G.A.R. Shaikh, Hon. Gen. Secretary, Anjuman-I-Islam
Mr. Burhan Haris, Hon. Exe. Chairman, BINM, Anjuman-I-Islam
Dr. A.R. Honnutagi, Director, AIKTC, New Panvel

اعلانات

تقریب ختم بخاری وجشن ردا پوشی

سنی جامع مسجد کوٹر گیٹ ٹرسٹ بھیونڈی کے زیر اہتمام سنی رضوی مدرسۃ البنات کوٹر گیٹ کا 10 واں عظیم الشان تقریب ختم بخاری وجشن ردا پوشی، 15 جولائی بروز اتوار دوپہر 2.30 بجے سے شام 6 بجے تک، بمقام: سنی جامع مسجد کوٹر گیٹ مدرسہ ہال بھیونڈی میں پروگرام کا اہتمام کیا گیا ہے، لہذا آپ لوگوں سے گذارش ہے کی اپنے گھر کی خواتین کو اس پروگرام میں بھیج کر ثواب دارین حاصل کریں۔

داخلہ جاری ہے: سنی رضوی مدرسۃ البنات کوٹر گیٹ میں عالمہ، قاریہ، مبلغہ اور ناظرہ مع تجوید کے داخلے جاری ہے۔ خواہش مند حضرات اپنے گھر کی بچیوں اور خواتین کے داخلے کے لیے معلمات سے رابطہ کریں۔

محمد نسیم رضا
ٹرسٹی سنی جامع مسجد، کوٹر گیٹ، بھیونڈی

اسلام کی خاطر صحابہ کرام کی قربانیاں پر خطاب

مسجد رابعہ وجمعیت اہل حدیث ٹرسٹ بھیونڈی کے زیر اہتمام ان شاء اللہ آج 15 جولائی 2018، بوقت بعد نماز عشاء جماعت 9 بجکر 15 منٹ، بمقام: مسجد رابعہ اہل حدیث، بگال پورہ، منگل بازار، سلیب روڈ، بھیونڈی میں 71 واں پندرہ روزہ پروگرام منعقد کیا جائے گا جس میں فاضلِ گرامی باکمال نوجوان خطیب شیخ شاہ عالم رحمانی مدنی حفظہ اللہ (جامعۃ التوحید، بھیونڈی) اسلام کی خاطر صحابہ کرام کی قربانیاں کے عنوان پر قرآن وسنت کی روشنی میں نہایت شریں اور فصیح مدلل خطاب فرمائیں گے۔ خواتین کیلئے پردے کا معقول انتظام ہے، تمام برادران ملت سے پرخلوص گزارش ہے کہ اس مبارک پروگرام میں بلاتفریق مذہب ومسلک تشریف لاکر قرآن وسنت کے بیانات سے مستفید ہوں۔

سرور عالم خان
بھیونڈی

مرحوم صبا مبارک پوری کی یاد میں مشاعرہ

بجنور ویلفیئر ایسوسی ایشن بااشتراک دبستان اردو ممبئی کی جانب سے مرحوم صبا مبارک پوری کی یاد میں 15 جولائی بروز اتوار نور ایگ سینٹر، تلک نگر، لنک روڈ، سا کی ناکہ، ممبئی 400072 میں (وقت شام 7 بجے سے رات 10 بجے تک) ایک تعزیتی نشست کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں مشہور ومعروف شعرا کرام وسیاسی وسماجی شخصیات شرکت کریں گے۔ اہل ذوق حضرات سے شرکت کی استدعا ہے۔

فضل الرحمٰن انصاری
صدر بجنور ویلفیئر ایسوسی ایشن، ممبئی